Registered. L. No 39

نور افشاں

حقیقی نور وہ تھا جو دنیا میں آکے ہر ایک آدمی کو روشن کرتا ہے

جلد [illegible]	ہر ہفتہ بروز جمعہ لودیانہ سے شایع ہوتا ہے [illegible]	نمبر [illegible]

ہم اپنے ناظرین کی توجہ مندرجہ ذیل کتب کی طرف مبذول کرانا چاہتے ہیں جو کہ لاہور اور لودیانہ کے رلیجس بک ڈپو سے دستیاب ہو سکتی ہیں

سی۔ ایل۔ ایس کی اسکول کی کتابیں انگریزی ہیں

جو کہ ہند کے تمام مشن سکولوں میں پڑھائی جاتی ہیں اور ہند کے تمام رلیجس بک ڈپو میں بکتی ہیں

اردو میں مندرجہ ذیل کتابیں لودیانہ میں شایع ہو چکی ہیں

نوجوان مستورات کے لئے کتابیں

[illegible]

عزت [illegible]

[illegible] کی سرگزشت [illegible] قیمت [illegible]

[illegible]

ہر ایک خاندان میں ایسی عمدہ کتابیں ہونی چاہئیں

[illegible]

مسیح کی تعلیم [illegible] قیمت [illegible]

جاپان کے حالات [illegible] قیمت [illegible] تصویر

[illegible] قیمت [illegible] تصویر

[illegible]

سلسلہ اصلاح اردو میں

[illegible] قیمت [illegible]

[illegible] قیمت [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] قیمت [illegible]

[illegible] قیمت [illegible]

[illegible] قیمت [illegible]

[illegible] قیمت [illegible]

[illegible]

[illegible] قیمت [illegible]

[illegible] قیمت [illegible]

نئی کتابیں

[illegible] قیمت [illegible]

[illegible] قیمت [illegible]

[illegible] تصنیفات قیمت [illegible]

نوٹ

[illegible]

یہ تمام کتابیں کرسچن بک سٹور لودیانہ پنجاب رلیجس بک سٹور لاہور سے بذریعہ وی پی پیکٹ یا نقد قیمت پر مل سکتی ہیں

لودیانہ کرسچن بک سٹور کی شائع شدہ کتابیں

ستیارتھ پرکاش درپن

مصنف پادری جی۔ ایل ٹھاکرداس صاحب لاہور

اس کتاب میں ان اعتراضوں کا جواب دیا گیا ہو جو آریہ سماج کے بانی دیانند سرسوتی نے بائبل مقدس پر کئے ہیں ہر ایک مسیحی استادوں اور شاگردوں کے لئے بڑی مفید کتاب ہو قیمت ۸؍ مجلد ایک روپیہ ۸؍ +

گنجینہ اسلام

(رومن اردو) مصنف پادری ای۔ ایم ویری صاحب ڈی۔ ڈی

دین اسلام سے واقفیت حاصل کرنے کے لئے مسیحی واعظوں اور علم الٰہی کے طالبعلموں کیلئے نہایت ہی مفید کتاب ہو قیمت ۸؍ مجلد ایک روپیہ ۸؍ +

موازنہ مذاہب

مختلف مذاہب کی تعلیمات (رومن اردو)

ڈاکٹر ایچ ایس کیلاگ کے لیکچروں کا مجموعہ جو انہوں نے پرنسٹن یونیورسٹی میں دیئے پادری رامچندر رام چتا میرہی۔ اسے نے ترجمہ کیا ہر ایک کو اسے پڑھنا چاہئے قیمت ۸؍

نور العظیم بالتصویر

پادری ای۔ ایم ویری صاحب ڈی۔ ڈی کی انگریزی کتاب "زینب دی پنجابی" کا بامحاورہ اردو ترجمہ اس میں کہانی کے طور پر ایک مسلمان کے گھر کی ہونگی مشکلات اور تجربوں کا ذکر کیا گیا ہو قیمت ۸؍ مجلد ۱۲؍ +

سپیرو اے

مولفہ پروفیسر بی۔ بی رائے صاحب مدرسہ علم الٰہی سہارنپور

اس اردو رسالے میں سپیرایوں کی تواریخ و تعلیم اور مختلف رسومات رسم کی تشخیص کی گئی ہو۔ حجم کتاب ۲۹۲ +

قیمت چھ آنے ۶؍ مجلد دس آنے ۱۰؍

گیت کی کتابیں

موٹے حروف کے گیت کی کتاب ٹھیکہ کی ٹیپ میں گیت کی کتاب کپڑے کی جلد قیمت ایک روپیہ ۱۲؍

سادہ رومن میں قیمت ۸؍ ہے بیگانہ کا

دیہاتی گیتیں

اردو حروف میں قیمت ۹ پائی

ناگری میں ۹ پائی

گورمکھی میں ۹ پائی

ایک آنہ ٹریکٹ

بائبل اور سائنس۔

مرزا غلام احمد قادیانی۔

ازالۃ المرزا قادیانی۔

یسوع مسیح کون تھا (ایک مذہبی لیکچر مسٹر میکلوڈ صاحب کی طرف سے ہے)

رسالجات

پیسے والے ٹریکٹ

اے آدم تو کہاں ہے۔

ایک مجروح سپاہی۔

مسیحی مذہب کی صداقت جو مسیح کی زندگی سے ظاہر ہوتی ہے۔

خداوند کی بندگی گاہ میں داخل ہونا۔

اے اے سب لوگو آؤ۔

معجزہ۔

رسالہ ذنوب محمدیہ۔

تم مسیح کی نسبت کیا خیال کرتے ہو

لیف لیٹ

آپ کو خرید ہو قیمت ایک پائی۔

خدا کا کلام آپ کے حق میں کیا کہتا ہے +

خدا سے میل۔

فقط ایمان لاؤ۔

مسیح پر ایمان لانا کیا ہے۔

جوانوں کیلئے ۱۲ قصوں کی کتابیں

ترتیب خیال۔ رام پال سنگھ ہیرا کا قصہ۔ ترتیب جیمیں۔ جاپان کے حالات جہنم لیلیٰ اور دو کالا بوجھ میں۔ تاریخ یونان۔ زمین کرہ ہو۔ تاریخ مصر مرقع روس۔ نور العظیم۔ بحساب جملہ پانچ روپیہ ارسال کرنے پر پہنچ سکتی ہیں +

تمام کتابیں کرسچن بک سٹور لودیانہ سے بذریعہ وی پی یا نقد قیمت پر مل سکتی ہیں

نور افشاں

لودیانہ۔ جمعہ۔ ۲ جولائی سنہ ۱۹۰۹ء

روم میں عورتوں کا حال

امریکہ کے ایک مخزن میں ایک تحریر مندرج ہے جس کو مسز ڈی ایکلڈ۔ ۱۰ ڈیل صاحب نے ترقوم کے غلام کے مضمون کے نام سے ایک کتاب تصنیف کی ہے۔ صاحب موصوف فرماتے ہیں کہ سلطنت روم میں عورتوں کی زندگی غلام کی زندگی ہے۔ وہ غلامی کی حالت بارہ برس سے شروع ہوتی ہے۔ چنانچہ لکھا ہے کہ ترکی کی لڑکیاں شل یورپین لڑکیوں کے آزاد ہوتی ہیں۔ اس عمر تک وہ عیسائی لڑکیوں کے ساتھ کھیل و ملاقات کرسکتی ہیں۔ لیکن بارہ برس کا سن آتا ہے تو وہ آزادگی ختم ہوجاتی ہے اس دن سے وہ پردہ نشین بن جاتی ہیں اور اپنی پردہ دار بہنوں کے ساتھ وہ زنان خانے میں صرف وہ منظر دیکھ سکتی ہیں اگرچہ ان کے دل میں خواہش ہی ہو۔ کہ اس کی خوشیوں کا مزہ چکھیں۔ اس حالت میں وہ غلام کی طرح زنان خانہ میں قید رہتی ہیں جہاں سے وہ کہیں باہر بغیر برقعہ پہننے یا کسی محافظ کے ہمراہ ہونے کے بغیر قدم باہر نہیں رکھ سکتیں۔ نہ صرف یہ بلکہ بہت سی اور باتوں میں وہ اپنی آزادگی سے محروم رہتی ہیں۔ مثلاً سلطان کے فرمان کے مطابق پردہ یا برقعہ کی موٹائی اور کپڑے کی قسم اور چلنے پہننے کے دستور وغیرہ عمل میں لائے جاتے ہیں۔ وہ کسی تماشہ گاہ یا عام محفل میں حاضر نہیں ہوسکتیں صرف لکھا ہے کہ اگر مستورات کو اجازت بھی ہو کہ باہر سیر کریں تو ایک یا دو سپاہیاں یا غلام ان کے ساتھ بھیجے جاتے ہیں اور جب گھر میں واپس آویں تو غلام کو جو ساتھ بھیجا گیا تھا حکم ہے کہ اپنی رپورٹ بیان کرے کہ وہ کس جگہ گئی اور وہاں کیا کیا دیکھا۔ ملکی یونیورسٹیوں کو دیکھنے کے وقت عورتوں کو جانے نہیں دیا جاتا کہ سوئے کے کمرے کے دروازوں کو قفل لگائیں اور کوئی کوٹھڑی نہیں جس میں خلوت میں غلاموں کی نظر سے پناہ لیویں۔ اگر کسی بیوی کے واسطے کوئی خط آوے تو وہ پہلے اس کے شوہر کے ہاتھ میں دیا جاتا ہے تاکہ وہ پڑھے اور دیکھے کہ اس میں کیا لکھا ہوا ہے۔ صاحب موصوف لکھتے ہیں کہ یورپ کے اقوام اکثر اس بات پر فخر کرتے ہیں کہ ہم نے ترکی بردہ فروشی کو بند کردیا لیکن اس بات میں وہ بڑی غلطی کرتے ہیں۔ غلام فروشی روم کے تمام علاقے میں سابق کی طرح ہوتی ہے۔ اور غلام مرد و عورتیں۔ جو کہ کسی قوم سے لیکر حبش کے کالے آدم خور تک ہوتے ہیں۔ قسطنطنیہ اور دیگر شہروں کے بازاروں میں بکتے ہیں انگریز اور روسی جنگی جہاز بہت کوشش کرتے ہیں کہ غلام فروشی کو بند کریں لیکن جہازات جو غلاموں سے بھرے ہوتے ہیں قریب پہنچتے قسطنطنیہ۔ ٹریپی زانڈ اور سمرنہ میں پہنچتے اور وہاں غلاموں کو جو کٹھس یا سوڈان بلکہ یونانی جزیروں سے لاتے بیچے فروخت کئے جاتے ہیں۔ سو اگرچہ فی الحال کھلے بازار میں جیسا سابق کے ایام میں ہوتی تھی نہیں ہوتی۔ ان دنوں جب مرد اور عورتیں کھلے بازاروں ہیٹ۔ گھوڑے۔ گائے۔ بھینس کی طرح صاف صاف سامنے بیٹھی رہتی اور بیچی جاتی تھیں۔ پر اب یہ بازار چھپے مکانوں میں ہیں لیکن ان سب کو جو اس قسم کا مال لینا چاہتے ہیں اچھی طرح سے معلوم ہے۔

اگر یہ سوال کیا جاوے کہ یہ بردہ فروشی خفیہ کیوں کیجاتی ہے تو صاحب تحریر کہتے ہیں کہ ایک پاشانے مجھے جواب دیا کہ ہم بغیران کے رہ نہیں سکتے۔

فی الحال روم میں اصلاح کی بڑی شہرت ہو رہی ہے امید ہے کہ یہ بے رحم اور غیر ترقی سوداگری بھی بند کی جاوے گی۔ ای۔ ایم۔ ڈبلیو

ہم اس خبر کو بڑی خوشی سے ناظرین کو سناتے ہیں کہ جناب بیا ٹرس پی سی ایل یہ چیف حکیم مرزا کی صاحب زادی نام مس سی الی الہ آباد کی یونیورسٹی کے بی اے کے امتحان میں کامیاب ہوگئیں۔ اور وہ ماہ جولائی میں لکھنؤ ازابیلا تھوبرن کالج میں کام کرنے کے لئے جانے والی ہیں۔ ہم پادری صاحب موصوف کو اپنے کامیابی کے لئے مبارکباد دیتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ مس صاحب اس کالج میں مس بیلا وتی صاحبہ مرحومہ کی جگہ کو جو ان کی وفات سے خالی ہوگئی تھی پُر کریں گی اور ہماری دعا ہے کہ خدا اس مس صاحبہ کو ان کے کالج کے کام میں بھی اپنی خاص برکت سے کامیاب کرے تاکہ ان کے وسیلے سے اس کا نام جلال ظاہر ہو۔

بمعصر امریکن مسیجر ایک ولایت کا اخبار اپنے ایک اشاعت میں بعنوان تری شنری کتابیں ملکی اور بیرونی ایک مضمون شائع کرتا ہے جس میں وہ خاص کر نوجوانوں کو مفید کتابوں کے مطالعہ کرنے کی طرف رجوع کرواتا ہے اور خوش اسلوبی سے ناولوں کے عوض خاص خاص بزرگوں کی سوانح عمریوں کی فہرست پیش کرتا ہے جس ہم بھی ناظرین کی آگاہی کے لئے درج کرتے ہیں۔ سوانح عمری ارنگ سٹون۔ ماکنٹ۔ ایکزنڈر۔ میکی ہنگ من۔ پیٹرسن۔ پیٹن۔ مارٹن۔ کیری۔ جڈسن فرلیا نسک۔ جان ایٹ مارٹن۔ برینڈ۔ وسٹ مین شہیدان جیکسن وغیرہ وغیرہ۔

کتب ذیل کی نسبت ذیل کی کتابیں مطالعہ کے لائق ہیں۔ تاریک درمیب میں مسیح۔ مصنف جیمس

سشیوٹ" ، ورلڈ سنڈیا میں مسیح" مصنف جے ۔ ڈبلیو جیکب۔ جو شخص کے کلام کی عجیب کہانی ہے۔ "ایک یا کی کچی پنڈ میں" مصنف ڈبلیو ۔ اے ۔ کیل۔

ملک چین کی نسبت یہ کتابیں لکھی ہیں " پرانی چین میں نئی روحیں" مصنف اے ۔ بے ۔ بروئن۔ "میڈیکل مشنری چین کے لئے جان گینتھر سیکنڈری۔

ملک ہندوستان کی نسبت ذیل کی کتابیں بتلائی ہیں "انڈیا پر ایم کرسنایا مسیح" مصنف جے ۔ پی جونس۔ "ہندی عورتوں کا غم" مصنفہ مسنز ۔ ایم ۔ بی فلر۔

ملک جاپان اور دیگر ممالک کے لئے "قوم جاپانی کا ایوولیوشن" مصنف ایس ۔ ایل ۔ گیولک ۔ "نائیٹ ٹائمس میں پندرہ سال" مصنف ایل ۔ ایچ ۔ انڈو ۔ "انجیل کی محمدی دنیا" مصنفان بارٹن ۔ زویمر اور دیگر صاحبان۔

ہم کو ہمعصر پرکاش مطبوعہ ۱۰ جون سنہ ۱۹۰۶ء میں ایڈیٹر کی قلم سے نکلا ہوا "یہ شدھی کوئی رنگ لائے گی" نامی مضمون پڑھ کر حیرت میں ڈالتا ہے کہ ہمعصر لکھتے وقت اپنی باتوں کا پاس نہیں رکھتا ۔ ایک ہی قلم سے لکھا جاتا ہے کہ "آریہ سماج عیسائیوں کی طرح کوئی رشوت نہیں دیتا" اور پھر اسی مضمون کے متعلق بیان کرتے کرتے فرماتا ہے ۔ "گزشتہ سال ایک جاگیردار صاحب لگاری نے ....

.... آریہ سماج لکھنؤ کو پندرہ سو روپیہ پرشوت دیکر شدھ کرا لی" ۔ اس سے ہمعصر نے گویا اپنی قلم سے لکھ دیا کہ سماج رشوت دیتی نہیں ہے ۔ پر رشوت لیتی ہے اور آگے چل کر یہ بھی تجویز بتائی ہے کہ پراسچت کے بعد آریہ سماج کا استعمال کرنی چاہئے جس کا مطلب ہے کہ جو لوگ آریہ سماج میں داخل ہوا کریں ۔ وہ سماج کو کچھ نہ کچھ دیا کریں ۔ تجویز تو اچھی ہے کیونکہ کچھ نہ کچھ تو ہاتھ آ جایا کریگا ۔ خدا ہی سے

وہ سے خالی ہاتھ تو نہیں آیا کریں گے۔

ہمعصر کوکب ہند مورخہ ۲۲ مئی سنہ ۱۹۰۶ء میں کسی ایک نامہ نگار کی طرف سے "شیطان پر غالب" کے عنوان سے ایک مضمون شایع ہوا ہو جس سے شیطان کی چالبازی اور گرفتاری کی عجیب رنگ کی آمیزش ہے ۔ قصہ یوں ہے ۔ پڑھنے کے قابل ہے ۔ کہتے ہیں کہ ایک پادری صاحب اپنے بستر پر سو رہے تھے کہ دیکھتے ہیں کہ خواب میں شیطان ان کے پاس آیا ۔ اور اُن کی بغل کے نیچے ایک لمبا سا کاغذ ان کے سامنے پھینک دیا ۔ اور انہیں پادری صاحب سے بولا کہ تم اپنے مسیح کا بندہ کہتے ہو جس حال کہ تمہارے گناہ جو تم نے کئے میرے پاس سب لکھے ہوئے ہیں ۔ یہ سنکے پادری صاحب پہلے خوب روئے ۔ اور دعا مانگنے لگے ۔ آخر میں انہوں نے شیطان کے ہاتھ سے کاغذ کا رول چھین لیا اور اسے کھولا ۔ اور کہا کہ اے شیطان تو نے اس میں لکھا ہے جس میں لکھا تھا کہ یہ سب گناہ مسیح کے لہو سے دھوئے گئے ۔ تب شیطان ان کے پاس سے بھاگا ۔ اور پھر منہ دکھلانے کو نہیں ٹھیرا " ۔ سچ ہے شیطان بڑا عیار ہے وہ ہر قسم کی چالاکی کر کے ایمان داروں پر وار کرتا ہے ۔ مگر آخر شرمندہ ہو کر بھاگتا ہے ۔ وہ ہر صورت سے زور لگاتا ہے اور جب ہارنے لگتا ہے تو شک پیدا کرنے کے لئے سچ کو جھوٹ بنانے کی کوشش کرتا ہے ۔ مگر ایمان دار اس کے مکر و فریب کو سمجھ جاتا ہے ۔ اور تب وہ ۔ فو چکر ہو جاتا ہے ✦

ریویوز

۱۔ تعلیم المبتدی ۔ یہ کتاب بچوں کے پڑھانے کے لئے نہایت مفید ہے ۔ اس میں ۲۴ سبق ہیں پہلے ۲ سبق ایسے ہیں جنکا مضمون بائیبل سے تعلق نہیں رکھتا ہے پر پُر نصیحت اور مفید ہے اور اس کے بعد کے تمام مضامین بائیبل سے لئے گئے ہیں ۔ عبارت نہایت سلیس اور با محاورہ ہے اور ہر ایک سبق کے نیچے نظم یا گیت یا مثنوی درج ہے ۔ جو لڑکوں کے لئے بہت دلچسپ ہے ۔ بہت ضروری اور عمدہ مضامین ۳ اس کتاب میں جمع کئے گئے ہیں ۔ غرض کہ بچوں کے لئے یہ کتاب اردو زبان میں نہایت عمدہ ہے ۴۴ صفحہ کی کتاب اور قیمت صرف ۱ ہے ۔ پنجاب ریلیجس بک سوسائٹی لاہور سے مل سکتی ہے ۔

۲۔ صبح و شام نماز سے پہلے ورد ۔ اس نام کی کتاب پنجابی زبان میں کرسچن ٹریکٹ سوسائٹی نے شایع کی ہے ۔ اس میں ۳۲ موقعوں کے واسطے ورد حسب موقعہ درج کئے گئے ہیں اور شام کے ورد کے لئے بھی ضرور درج کیا گیا ہے اور ستارہ روں کے نیچے حوالے درج ہیں سی ۔ ایم ۔ ایس کلیسیا کے مسیحیوں کے لئے جو گانوں میں رہتے ہیں یہ کتاب زیادہ مفید ہے ۴۲ صفحے کی چھوٹی کتاب ہے اور قیمت صرف ۱ ہے پنجاب ریلیجس بک سوسائٹی لاہور سے مل سکتی ہے ۔

۳۔ راحت دل ۔ یہ کتاب اردو زبان میں بہت مشہور ہے اب چھوٹی تقطیع کی پنجابی زبان میں یہ کتاب چھپی ہے اور چھپائی بھی عمدہ ہے پر قیمت ۱ زیادہ ہے ۔ کم ہونی چاہئے تاکہ سب اسکولوں لے سکیں ۔ اگر ۱۰ ہو تو بہتر ہے ۔ پنجاب ریلیجس بک سوسائٹی لاہور سے مل سکتی ہے ۔

۴۔ بھجن اور غزلیں ۔ یہ ایک پیسہ قیمت والی بھجنوں کی کتاب کا تیسرا ایڈیشن ہے ۔ جو اکثر جلد بک جاتا ہے ۔ اس میں چیدہ چیدہ بھجن اور غزلیں ہیں ۔ جو عام پسند ہیں ۔ یہ بھی پنجاب ریلیجس بک سوسائٹی لاہور سے مل سکتی ہے ۔

شباہت مسیح

۲ قرنتھیوں ۳ باب ۱۸ آیت

از ترجمہ مسٹر بن پادری ہریو ڈگرے ڈی ڈی ۔ ایل ایل ۔ ڈی

مسیحی مذہب ہماری کسانیت کی امید کو محض کسی ہدایت طریق پر منحصر نہیں بتاتا بلکہ خاص ایک شخص پر اس لئے اس خاص امر میں وہ دنیا کے تمام مذاہب سے متفرق ہے دنیا کے مذاہب میں طریقے سکھلائے جاتے ہیں نہ کوئی شخص مثلاً جیومیٹری سکھلائی جاتی ہے نہ کہ یوکلیڈ ۔ بودھ ازم سکھلایا جاتا ہے نہ کہ لی فیس ۔ اسٹرونومی سکھلائی جاتی ہے نہ کہ سر آئزک نیوٹن جو ان کے موجد تھے ۔ مگر مسیحیت آدم زاد کو ایک شخص سے انٹروڈیوس کراتی ہے ایک ایسے شخص سے جس میں تمام صداقتیں وابستہ ہیں اور جس میں تمام حقیقتیں ظاہر اور پیوستہ ہیں ۔ اسی شخص کو پولوس رسول اور دیگر رسول ہمارے سامنے پیش کرتے ہیں جیسا کہ ان کے نوشتوں سے بخوبی ظاہر ہوتا ہے اور تمام پاک نوشتوں میں صرف اسی شخص کا بیان ملتا ہے یہی وہ چمکیلا اور روشن چہرہ ہے جس کو پاک انجیل کے صفحے ظاہر کر رہے ہیں ایک اعلیٰ خاصیت والا وجود جس کی مانند کوئی دوسرا ہونا ناممکن ہے ۔ اس کی شاہی خاصیت کے مطابق شباہت تواریخ میں اس کی نظیر نہیں کیونکہ وہ انسان سے بڑھکر ہے وہ محبت اور سچائی کا منبع ہے ۔ وہ راستی کا نمونہ ہے وہ ہر ایک چیز کا جو سچ اور برحق ہے ایک نمونہ حقیقی اور اصل ہے ۔ وہ خدا کے جلال کی رونق اور اس کی ماہیت کا نقش ہے ۔

پولوس اور اس کے ہمعصر رسول مسیح کو مسیحی مذہب کا مرکز اور لب لباب پیش کرکے کہتے ہیں کہ اے مسیحیو تم مسیحی زندگی میں تم کو اس کی مانند بننے کا حق اور ضروری اور اس کا امکان بھی تم کو حاصل ہے اس کی مانند ہو جانا تمہارا فرض اور مقصد ہے جس طرح سے وہ خدا کی ذات کا مظہر اور شکل ہو تم بھی اسی طرح سے اس کے مشابہ ہوکر اس کی خصلت اور مزاج کے مطابق ہو جاؤ ۔ اور اس کی آگہی بخشے کے ہم شکل بنو کیونکہ اس کی سرگرمی جوش اور طاقت اور تاثیر جیسی زندہ آدمی کی ہو اس کے پاس تا بے موثر ہوتا ہے ۔ متن کی آیت کو کھولکر بیان کرنے کے لئے جو ہمارے سامنے ہے میں تین سوالوں کو پیش کر کے ان کا جواب دونگا مسیح کی شباہت کا جو ہمارا اصلی مدعا و مقصد ہے سب کو شوق دلاتا ہوں ۔

اوّل مسیح کی شباہت یا اس کی مانند بننے سے کیا مطلب ہے ؟

دوئم کیا یہ شباہت ہم کو حاصل ہو سکتی ہے یا نہیں ؟

سوئم کس طرح سے ہم اس شباہت کو حاصل کر سکتے ہیں ؟

اوّل ۔ مسیح کی شباہت کیا ہے

اس کا جواب اول یہ ہے کہ اپنی شکل و شباہت کا ترک ہو ۔ اور دوسرا مسیح کی خصلت اور طبیعت کو اختیار کرنا مسیح کی شباہت اختیار کرنا ہے ۔ اس پر ایک مثال سنو ۔ ملک اٹلی کے کسی شہروں میں سے ایک میں بت سر عام نصب تھا ۔ یہ بت یونانی غلام لڑکی کا تھا اس بت سے ظاہر تھا کہ وہ غلام لڑکی اچھی پوشاک پہنے ہوئے صاف اور خوبصورت تھی اتفاقاً ایک چیتھڑے پہنے غریب بیکس لڑکی جو اس ہی شہر کی باشندہ تھی اودھر سے گذری ۔ جب اس کی نگاہ اس بت پر پڑی تو وہ اس کو بہت پسند کرنے لگی ۔ اور اس پر فدا ہو گئی ۔ اور ٹھہر کر بڑی حیرانی سے اسکو دیکھنے لگی وہ گویا اس کو دیکھکر ششدر رہ گئی اور اپنے آپ میں کہنے لگی ۔ میں بھی اس کی مانند ہو جاؤں گی ۔ میرے اندر سے یہی آواز نکلتی ہے ۔

اور بڑے جوش میں گھر کو گئی ۔ اپنا چہرہ دھویا ۔ اور اپنے بالوں کو کنگھی کی دوسرے دن جب وہ ادھر سے پھر گذرنے لگی تو وہ پھر ٹھہر گئی اور بت کی طرف نگاہ کرنے لگی ۔ اور پھر دوبارہ متوجہ ہوئی ۔ اور اس نے اپنے پھٹے پرانے کپڑوں کو بھی صاف کر لیا ۔ اور ان کی مرمت بھی کرلی ۔ اور اسی طرح سے وہ روز مرہ آتی اور بت کے پاس کھڑے ہو کر ہر روز کچھ نہ کچھ اس کے سدھارنے کیلئے نصیحت مل جاتی ۔ یہاں تک کہ وہ بالکل بدلی ہوئی لڑکی بن گئی ۔ بلکہ وہ بالکل اور لڑکی معلوم ہونے لگی ۔ وہ بت کی مانند ہو گئی ۔ جو صفائی چمک اور ستھرا پن اس بت میں تھا ویسا ہی اس میں نظر آنے لگا اور اب اس تصویر اور لڑکی میں مشابہت تھی ۔ جب ہم اس کی مانند ہو جائینگے تو ہم گناہ سے بالکل خالی ہو جاوینگے ۔ ہم اپنی طبیعت کیساتھ مناسبت رکھنے والے ہو جاوینگے عملی طور سے ہم اخلاق میں بڑھ جاوینگے ۔ ہم سچائی کے لحاظ سے اپنی خصلت میں بدل جائیں گے اور ہمارے خیالوں میں بے غرضی اور بے ریائی ہوگی ۔ تنگ دلی اور تنگ خیالی سے ہم زیادہ اعلیٰ ہو جائیں گے ۔ ظاہری خیالات کی نسبت اندرونی تاثیرات کا زیادہ فروغ ہوگا ۔ ہم دلیری اور بہادری سے ہر شے کے لئے مستعد کرنے لگیں گے اور ہم اپنی نالپسند چیزوں پر فتح پاوینگے ۔ جنہوں نے ہم کو تکلیف دی ہے ۔ ہم ان کے لئے کھجور کی ٹہنیاں بچھائیں گے اور ہماری طبیعت میں بخشش کی بڑی خوبی والی مستقل عادت ہو جائے گی ۔ اور خوش خلقی کی عادت ہو جاوے گی ۔ اور ہم اپنی چال چلن میں پاک راست اور نیک بنجاوینگے اور لوگوں کو گناہ سے شرمندہ ہونا سکھلاوینگے ۔ اور ان کو جتلاینگے کہ جو کچھ تم نے گناہ سے کھو دیا ہے اس کی پھر حاصل کرنے کی ضرورت ہے اور انکو سکھلائیں گے کہ ہر ایک قسم کی برائی سے پرہیز کریں ۔ باقی آئندہ ۔

مراسلات

بینات یسوع ناصری

مرقومہ پادری جی ایل ٹھاکر داس

بجواب سالہ

"یسوع ناصری"

بقیہ

(ب) یہ بھی یاد رہے کہ رسولوں نے یسوع ناصری کے کام اور اس کے فرمان زندہ ہونا یک لخت نہیں مانا تھا۔ بلکہ یقین کرنے میں بڑے متامل اور شکی رہتے تھے سب تک خاطر خواہ تسلی نہ ہوئی کہ ہم دھوکا نہیں کھا رہے ہیں یا صرف اپنے شکوک اور عیب بتانے سے شرماتے نہیں اور ان کے لئے کسی قسم کی خوشامدیاں کرتے ہیں لیکن صریح ثبوت دیکھ پر ہی یقین کرتے تھے (اعمال ۱: ۳ ...) اور پھر آگاہ ہوگئے کہ اس کا ابھی سامان حقیقی دلائل میں سے بہتیرے خود ان وفات سے واقف تھے (اعمال ۲: ۲۲ ...) بعد میں ایسا ہی آدمیوں کی گواہی جو اپنی بات پر خواہ مخواہ ضد کیا کرتے ہیں)

(ج) یہ بھی معلوم ہو کہ ان باتوں کی نسبت وہ کہا بھی نہیں جا سکتے تھے کیونکہ وہ کام ایک ہی قسم کے نہ تھے جیسے تماشہ کرنے والوں کے ہوا کرتے ہیں اور کہیں نظر سے یا تنہائی پردہ سے میں کئے گئے تھے جس سے احتمال ہو سکے کہ انہوں نے دھوکا کھایا ہوگا بلکہ یسوع نے اپنے سامنے کام علانیہ کئے تھے۔ بہت کام کئے تھے اور طرح طرح کے کام کئے تھے جن سے خدا کی قدرت ظاہر ہوتی تھی اور انسان کی بھلائی۔ چنانچہ قدرت کی چیزوں اور قوموں پر اپنا اختیار دکھلایا۔ انسان کی بیماریوں اور کمزوریوں پر اپنا اختیار دکھلایا۔ موت پر اپنی قدرت ثابت کی۔ مردوں کو زندہ کیا۔ انسان کے گناہوں کی معافی پر اپنا اختیار ثابت کیا۔ ناپاک روحوں پر اپنا اختیار دکھلایا۔ دوسرے لوگوں کو تفتیش کرنے کا بڑا ایک ممکن موقعہ دیا۔ پس رسولوں کا اپنے بیانوں میں دھوکا کھانا محال تھا۔

(د) یسوع ناصری کے فروغ کی سچائی ہی نے ان کو اس کا کام دنیا میں جاری کرنے پر آمادہ کیا تھا ورنہ وہ یہود کے حکم کی بموجب ... میں ہرگز بے پرواہ نہ کرتے کیونکہ ایسا کرنے میں ان کو کوئی دنیوی فائدہ نظر نہیں آتا تھا اور نہ کوئی ایسا فائدہ تھا نہ کوئی گری۔ نہ عزت دولت نہ روپیہ پیسہ اور عیش۔ ایک طرف تو یسوع نے خود ان کو بتا دیا تھا کہ میرے نام کے سبب دنیا تم سے دشمنی کرے گی۔ قتل کرے گی۔ اور دوسری طرف وہ اطوار جس کی ان کو امید ہو سکتی وہ دنیا کے واسطے میں تھی جو یہودیوں اور غیر قوموں سے مرکب تھی اور جن کے ساتھ اعتقاد کو ترک کر یسوع کا نام ان کے دلوں میں قائم کرنا تھا۔ اس صورت میں دنیوی نفع کی امید منقطع تھی کل دنیا ایک طرف تھی اور وہ بارہ آدمی ایک طرف جب انہوں نے یسوع ناصری کا مقصد دنیا میں اثر کیا اور ہر قسم کی تکلیف موت تک ان رسولوں نے اور ان کے بعد کلیسیا نے تین سو برس تک برداشت کی اور پھر بھی خدا کا کلام پھیلایا۔ اور دنیوی کی حالت میں اس کے برعکس رہی ہے مثلاً ابتدائی آریوں نے ہندوستان میں اگر اپنا ویدک دھرم اصلی باشندوں میں زبردستی جاری کرنے کی کوشش کی تھی جیسا کہ ویدوں میں اس کام کی تعریف اور تاکید کی گئی ہے۔ محمد صاحب اور ان کے پیروؤں نے اپنا طریقہ زور سے جاری کیا کہ قرآن کی مدنی سورتوں میں یہ مطلوب ہے اور کئی سو برس تک جاری رکھا تھا جس نے جب تمام کے یہ مستند حالات بجائے خود صفائی سے ظاہر کرتے ہیں کہ مقدس راوی سچی سنائی باتیں یا کہیں سے اخذ کی ہوئی باتیں نہیں لکھتے ہیں۔ وہ دیوانے یا وہمی خبطی نہیں تھے یسوع کے ہوئے بھی نہیں آگئے تھے اور دنیوی نفع کے امیدوار اور غرض مند نہیں تھے بلکہ صادق اور معتبر گواہ تھے اور جو کچھ انہوں نے لکھا وہ تحقیق کے ساتھ لکھا تھا اور اس لئے لکھا تھا کہ آدم یسوع پر ایمان لاویں۔ اور نجات پاویں۔ (باقی آئندہ)

ویدک شائستگی

بقیہ

ندی کا پانی جس طرح نیچے کی طرف جلد بہتا ہے۔ اسی طرح تیز رو گھی کی بڑی دھار اسی طرح جلد بہہ رہی ہے یہ گھی اپنے دائرے کو تنگ کر کے وسیوکے دہانے سے بڑھ کر مست ہوکے گھوڑے کی طرح چھوٹ رہا ہے۔ خوش وقت اور خوش رو بیویاں جس طرح ایک دل سے اپنے اپنے شوہر کی طرف عاشق ہوتی ہیں۔ اسی طرح گھی کی دھارا آگ کی طرف جاتی ہیں ......

دولہن جس طرح دولہا کے پاس جانے کے لئے اپنے کو سنوارتی ہے میں دیکھتا ہوں کہ گھی کی یہ دھاریں اسی طرح کر رہی ہیں ...... وغیرہ (ہم: ۵۸ - ۶-۱۰ الخ)

رچوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہندوستان میں ایسا ایک زمانہ تھا۔ جب گھی اس ملک میں ندی کی طرح بہتا تھا لیکن ہم تہذیب میں ترقی کر گئے پر ساتھ ہی ساتھ تر نوالہ کھو بیٹھے سو کہاں گھی وہ تو اب بمشکل نصیب ہوتا ہے

امید ہے کہ ہمارے کل ناظرین ویدک بھجنوں کی بابت یہاں تک ہم سے اتفاق کریں گے۔ مگر ہم ایک اور قسم کی غذا کا ذکر کرنا چاہتے ہیں جن کے ذکر کئے بغیر کامل ویدک شائستگی کا بیان نہ ہوگا کیونکہ مورخ کی کرسی پر بیٹھ کر جان بوجھ کر کسی بات کو چھپانا نہ صرف تمیز کے خلاف ہے بلکہ نہایت کمینے اور ہٹ دھرمی کا کام ہے

لحاظ سے ہمارے آباؤ و اجداد کے زمانے میں جو کچھ کہا تھے پہنچے۔ تھے رگ وید کے منتروں سے جہاں تک ہم کو پتہ لگتا ہے ان کا صاف صاف ذکر کرنا ہمارا فرض ہے چاہے ہم آپ ان کل چیزوں کو اب کھاتے یا پکاتے ہوں۔ باقی آئندہ

ایک بڑی غلطی کی اصلاح

بقیہ

واضح ہو کہ مریم اس وقت نہایت ہی غم کی حالت میں تھی اور دوسرے اس کا یقین یہ تھا کہ مسیح مردوں میں سے نہیں جی اٹھیگا۔ اس کا خیال تھا کہ ضرور خداوند مسیح کی لاش کو کوئی یہاں سے چرا لے گیا اس سے وہ اور بھی زیادہ اندیشہ میں تھی پس ایسی حالت میں اگر اس نے دفعتہ مسیح کو دیکھ کر نہ پہچانا تو کون سی بڑی بات ہو گئی۔ کہاں اس کا یہ یقین کہ مسیح نہیں جی اٹھیگا اور کہاں یہ بات کہ مسیح اس کے پیچھے زندہ کھڑا ہے وہ تو خود ہی حیرت میں آ گئی۔ اور چونکہ وہ قبر باغ میں تھی لہذا اس پریشانی میں اگر اس نے مسیح کو باغبان تصور کر لیا تو کوئی عجب نہیں اس دلیل سے مسیح پر باغبان کے بھیس کی مثال صادق نہیں آتی۔ اور نہ کہ مسیح نے اپنا بھیس بدلا۔ کیا ہی اچھا ہوتا اگر راقم مضمون اس دلیل کا ثبوت کہیں سے پیش کرتا۔

پھر اگر ہم یہ بات مان بھی لیں کہ مسیح نے اپنے کو پوشیدہ رکھنے کے لئے باغبان کا بھیس بدل لیا تو پھر کیا ضرورت تھی کہ مسیح اپنے آپ کو مریم پر ظاہر کرتا۔ دیکھئے مسیح مریم سے کیا کہتا ہے "اے مریم" وہ پھر کر اس سے عبرانی زبان میں بولی "ربونی" یعنی اے استاد۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مسیح اپنے آپ کو نہیں چھپانا چاہتا تھا بلکہ وہ ظاہر کرنا چاہتا تھا کہ میں ہی مردوں میں سے جی اٹھا ہوں۔ اور اسکا اپنے آپ کو رسولوں پر ظاہر کرنا اس بات کی بڑی دلیل ہے کہ مسیح مردوں میں سے جی اٹھا تاکہ ان کا ایمان مضبوط ہو جائے۔ جناب پولس رسول نے ہم مسیحیوں کا ایمان ایک زندہ ایمان ہے کیونکہ ہمارا نجات دہندہ زندہ ہے اگر وہ مردوں میں سے نہیں اٹھا تو ہمارا ایمان بھی مردہ ایمان ہوتا لیکن اس حالت میں ہم مردہ پر ایمان رکھنے والے ہوتے۔ راقم مضمون کا شک بیجا ہے ہے مسیح کے زندہ ایمان کی دعوت سب کے لئے ہے

مسیح کے جی اٹھنے کی خبر رسولوں تک ہی محدود نہیں ہوئی بلکہ اور لوگوں کو بھی معلوم ہو گیا کہ مسیح مردوں میں سے جی اٹھا ہے متی ۲۸ باب ۱۱-۱۵ اب بھلا یہ مسیح جی اٹھ کر کس طرح پوشیدہ رہ سکتا تھا۔ ایسے ظاہر ہے کہ راقم مضمون نے لوگوں کی نظر سے چھپانے کی کوشش کی ہے سو آخر یہ اوچھی عقل وغیرہ۔

پھر راقم مضمون تحریر کرتا ہے کہ حواریوں سے جیتے جی ملاقات ہوئی تو اس خاکی جسم کے ساتھ ہوئی جس میں گوشت اور ہڈیاں اور خون ہے اور زخم اتنے گہرے تھے کہ ان میں ہاتھ پڑ سکتا تھا اور آپ کو بھوک بھی لگی اور جس طرح حواریوں نے کھانا کھایا آپ نے بھی کھایا (لوقا ۲۴ باب ۳۰-۴۳) میں تو کہتا ہوں کہ خداوند مسیح جسم کے ساتھ ہی قبر میں سے جی اٹھے تھے تاکہ ان کے جی اٹھنے کا کامل ثبوت رہے۔ اگر خداوند مسیح جسمانی طور سے جی اٹھ کر اپنے شاگردوں کو نہ ملتے اور روحانی طور سے اپنے کو ان پر ظاہر کرتے اول تو شاگرد بھی اس کو ایک وہم تصور کرتے اور مسیح کو جسم تو زندہ رہنے پاوں کہ پھر سے بچنے وہ مسیح کی پیشینگوئی کہ تم اس مقدس دن کے مقدس جسم کی طرف اشارہ ہے کہ وہ تیسرے دن میں اسے کھڑا کر دکھلاؤنگا پوری ہوتی پھر ہم دیکھتے ہیں کہ شاگردوں نے حالانکہ مسیح جسمانی طور سے ان کے نزدیک آیا تو اسے ایک روح تصور کیا۔ دیکھو خداوند مسیح نے ان کے ساتھ کھانا کھا کر ان کی غلطی کو دور کیا اور ان سے کہا کہ تم مجھے چھو کر دیکھو روح کے تو ہڈی گوشت نہیں ہوتا۔ جیسی بات سے تو ہم منکر نہیں معلوم نہیں کہ راقم مضمون اس بیان سے کیا مطلب پیدا کرنا چاہتا ہے یہ تو مسیح کے تیسرے دن اٹھنے کی وجہ کا ثبوت ہے اور پھر جو کچھ انجیل میں لکھا ہے اس میں شک ہی نہیں ہے وہ تو راقم مضمون نے ہی پیش کیا ہے کہاں لکھا ہے کہ مسیح کے زخم اتنے گہرے تھے کہ ان میں ہاتھ پڑ سکتا تھا البتہ یہ بیان تو ہے کہ مسیح نے توما سے کہا کہ اپنی انگلی پاس لا کر میرے ہاتھوں کو دیکھ اور اپنا ہاتھ لا کر میری پسلی میں ڈال۔ معلوم ہوتا ہے کہ راقم مضمون نے لفظی خیال کیا کہ صرف پسلی میں ہاتھ ڈالنے سے ایک گہرا زخم تصور کر لیا ہے کہ حقیقت میں اس کے معنے یہ ہیں کہ توما مسیح کے ہاتھوں میں میخوں کے نشان دیکھے جو صلیب پر لگے تھے اور پسلی میں بھالے کا نشان دیکھے جو ایک سپاہی نے مارا تھا۔ اور یقین کرے کہ میں حقیقت میں جی اٹھا ہوں چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ جب توما نے اپنے ہاتھوں سے مسیح کے جسم پر نشان دیکھے تو فوراً مان گیا اور بولا "اے میرے خداوند، اے میرے خدا" یوحنا ۲۰-۲۸

پھر راقم مضمون لکھتا ہے کہ حضرت مسیح نے دو دفعہ کیساتھ گلیل کا سفر اختیار کیا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ یروشلم سے بھاگ کر گلیل کو چلے گئے۔ بعینہ اسی طرح جس طرح کوئی بدقسمت انسان ایسے ہی حالات کے ماتحت چلا جاتا اگر آپ کا مقصد آسمان پر چڑھنے کا تھا۔ تو گلیل کا سفر بے معنے تھا۔

یہ دلیل بھی بالکل فضول ہے خداوند مسیح کا گلیل کی طرف جانا اس بات کو ظاہر نہیں کرتا کہ وہ کسی خوف یا ڈر سے ادھر گئے۔ اگر یہی بات تھی تو وہ بغیر اپنے شاگردوں کو خبر کئے چلے جاتے۔ مگر ایسا نہیں وہ اپنے شاگردوں کو بھی گلیل ہی کی طرف جانے کے لئے حکم دیا کرتے ہیں اور نہ ہی اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ مسیح آسمان پر نہیں چڑھے۔ راقم مضمون نے یہ مطلب

نکالنے کے لئے انجیل مقدس کے ایک بیان کو پیش کر دیا۔ گو دوسرے بیان سے ویسا ہی وہ فرشتہ پہلو تہی اختیار کی چنانچہ کسی ایک میں یہ بات پائی جاتی ہے جہاں مسیح کا گلیل کی طرف جانے کا بیان ہے وہیں اُس کا آسمان پر صعود کرنے کا بھی ذکر ہے پس جب ایک بات کو مان لیا ہے تو کونسی منطق ہے کہ دوسری بات سے کیونکر جائے۔ راقم ۲۸-۱۶ و ۱۰ میں مرقس خداوند مسیح کا آسمان پر چڑھ جانے کا ذکر ہے پس گلیل کے سفر نے مسیح کے آسمان پر چڑھ جانے کے سفر کو رد نہیں کیا پس طرز راقم مضمون کی سینہ زوری ہے۔

پھر راقم مضمون تحریر کرتا ہے کہ آنحضرت مسیح کے جب آپ جیتے اپنے آپ کو چھپانے کی کوشش کرتے ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کو ڈر تھا کہ یہودیوں کو اصل حال معلوم نہ ہو جائے مردوں میں سے جی اٹھے ہوئے مسیح کو اپنے آپ کو چھپانے کی بجائے کھلے طور پر یروشلم میں یہودیوں کو دکھانا چاہئے تھا۔

یہ دلیل بھی راقم مضمون کی احتیاج ثبوت ہے انجیل مقدس میں صاف اسباب پر روشنی ڈالی گئی ہے کہ مسیح کے جی اٹھنے کی خبر یہودیوں کو ملی اور انہوں نے لوگوں کو بھی مال دے کر [illegible] اور نیز پہرے والوں نے بچشم خود دیکھے حالات چار شہر میں ان سے بیان کئے۔ پھر نہ معلوم راقم مضمون کیوں ایسی غلط باتوں کو تحریر کرتا ہے البتہ یہودیوں نے مسیح کے جی اٹھنے کی خبر کو چھپانے کی کوشش کی نہ کہ مسیح نے اپنے کو چھپانے کی کوشش کی یہ غلطی متعلق مسیح کی پاکیزہ زندگی پر حرف لانے کے لئے شروع کرنی شایان عقل نہیں۔ یہودی لوگ تو خود ہی ترساں تھے کہ اگر مسیح کے جی اٹھنے کی خبر زیادہ زور پکڑ گئی تو ہماری قومیت زیادہ خطرہ میں۔ اور سب یہودی لوگ مسیح کے پیرو ہو جائیں گے۔ یہ خود ان کی تدبیر تھی۔ تاہم بہت سے لوگ اس ہی خبر کو سنکر مسیح پر ایمان لائے اب میری خواہش ہے کہ راقم مضمون صاف دلی سے ان چند سطور پر غور سے نظر ڈالے اور اپنی غلطیوں کی جو کہ مسیح کے مصلوب ہونے کے بارے میں ہیں اصلاح کرے۔ خداوند مسیح کا مصلوب ہونا ہی ہمارے سب گناہوں کا کفارہ ہے۔ میری دعا ہے کہ ہر ایک ہندوستانی کلام کو سنتا ہے اور پڑھتا ہے مسیح پر ایمان لائے کہ جس کے کفارے سے ہم سب بچائے گئے اس کے نام کی تمجید ابد الآباد تک ہوتی رہے آمین۔


راقم جارج عثمان نائب لودیانوی

کلکتہ میں ہندوستان کے

مختلف مذہب کا جلسہ

بقیہ

انہوں نے اس امر پر اس کے مختلف پہلوؤں پر بحث کی [illegible] دھرم شکتی اس کے پرکاش اور پرکاش سیتہ دھرم اور اس کی [illegible] اس کے ہر ایک سمبندھ میں پرکاش اور پرکاش کاری [illegible] موجودہ جیون سے آگے [illegible] کی اس تبدیلی کے جسے عام طور پر موت کے نام سے پکارا جاتا ہے کے بعد کی زندگی وغیرہ وغیرہ نہایت اور سب سے ضروری امر کے متعلق ہندی دھرم سنگ کو ایسے لاثانی دید شاستر میں تلقین کیا ہے کہ جس سے اشلوک اور [illegible] کے اصل مقصد اس کے حاصل کرنے کے طریق وغیرہ کے متعلق ان کی تسلیم کا پورا دیو سماج کے بنیادی اصولوں میں دیا گیا ہے کہ جو اس وقت پڑھ کر سنائے گئے اور اس کے بعد سری دیو گرو بھگوان کی خصوص دھرم شکتیوں کے ذریعہ [illegible] حیرت انگیز تبدیلیوں اور دھرم جگت کے [illegible] سب سے پہلی بار انہوں نے [illegible] کیساتھ آگئی سو ایک [illegible] کرنے کے [illegible] اور بقیہ کے سادھن پر بحث کئے میں [illegible] کا بیان کرکے بڑا بیان جس سنت کے [illegible] ختم کر دیا گیا یہ کل بیان کہ جس کا موٹا خلاصہ اوپر دیا گیا ہے ابھی انگریزی زبان میں پڑھا گیا۔ اس کے پڑھنے کے وقت شری دیو گرو بھگوان کی دھرم شکتی عجیب رعب سے کام کر رہی تھی پہلی تمہید کے بعد جب یہ بیان پڑھنا شروع ہوا تو سبھا کا رنگ بدلنے لگا۔ [illegible] جیسا کہ خاص [illegible] سے ایک نے بیان کیا حال کہ ہر ایک کونے میں سنائی دیتی تھی اور جوں جوں شری دیو گرو بھگوان کی [illegible] کا بیان کیا جاتا تھا۔ توں توں حاضرین کے دل جوش سے بھرتے جاتے تھے اور وہ بار بار اپنی خوشی کا اظہار تالیوں کے ذریعہ سے کرتے تھے یہاں تک کہ آخر میں جب مذکورہ بالا سادھن پر ثانی کا ذکر کرنے کے بعد مضمون کے پڑھنے والے نے یہ کہہ کر یہ بیان ختم کیا کہ یہی ست دھرم کی شکتی کہ جو نہ صرف انسانوں کا انسانوں کیساتھ [illegible] قائم کرتی ہے کہ جس پر آپ لوگ بجا طور سے مختلف مذاہب کے لوگوں کو ایسی [illegible] تعلیم پر خوشی کا اظہار کرتے ہیں بلکہ یہاں پر [illegible] ہیں ایسی [illegible] کہ [illegible] کرنے اور اس طور پر ایک کا [illegible] سے تعلیم اور عملی طور سے ان سادھن [illegible] ظاہر ہو گئی ہے کہ جس کا نمونہ آج تک اس سے پہلے دنیا نے نہیں دیکھا۔ تو حاضرین نے متواتر کتنی دیر تک چیئرز دیئے۔ اور [illegible] صاحب نے کھڑے ہو کر ظاہر کیا کہ حاضرین [illegible] یہ مضمون [illegible] کا سارا جواب دیا جائیگا۔ اور انہوں نے اور مہاراجہ بہادر نے اس مضمون کے لئے سماج کا اور سبھا کے برخاست ہونے پر کئی یورپین لیڈیاں اور یورپین صاحبان [illegible] کی طرف بڑھے اور اس کیساتھ ہاتھ ملا کر سے مبارکباد دی اور اس مضمون کی تعریف کی۔ کتنے ہی مسلمان عیسائی اور دیگر مذاہب کے مختلف مقامات سے آئے ہوئے ڈیلیگیٹوں نے خوشی کا اظہار کرکے دیو سماج کا لٹریچر حاصل کرنے کی خواہش ظاہر کی۔ [illegible]





بیچا خریداروں میں سے بیسیوں شخص ریلیہ ڈرکی کے گرد جمع ہو گئے۔ اور ان میں سے کئی اسکا ایڈریس پوچھنے کئی سماج کی دیو سماج کا پتہ دریافت کرنے اور کئی کتب وغیرہ کے لئے درخواست کرنے لگے بعض نے اس مضمون کی کاپی طلب کی۔ ایک روزانہ اخبار کے پڑھنے دیو سماج کا لٹریچر طلب کیا وہاں کے مشہور عالم سریندرناتھ بنرجی صاحب کے روزانہ انگریزی اخبار بنگالی نے میں بہت پر خیال مضمون ظاہر کیا گیا۔ اڈیٹر میں اس کے بیان کی بڑی تعریف کی گئی۔ بنگالی اخبار میں بسبات کا افسوس کیا گیا کہ یوں ایسا عمدہ مضمون دن کے اخیر پڑھا گیا کئی معزز صاحبان نے سبنے اس دیو سماج کے ڈیلیگیٹ کو مدعو کیا ایک معزز مہربان نے اسے کچھ دن اور کلکتہ میں ٹھہر کر لیکچر دینے کے لئے زور دیا اور اس کا چندہ وبست کرنا چاہا۔ کئی اخباروں نے اور دوستوں میں ملاقات چیت سے لاجپت اشیاء وغیرہ

اسی دن رات کے وقت مہاراجہ دربھنگہ صاحب کے عالی شان محل میں ایک خاص جلسہ منعقد ہوا جس میں چیدہ لوگوں کو مدعو کیا گیا تھا کہ جس میں کانفرنس کو آئندہ مستقل طور پر قائم کرنے اور ہر سال ملک کے مختلف مقامات میں اس کے جلسے کرنے کی تجویزیں سوچی گئیں مدراس اور بمبئی کے بعض اصحاب نے اپنے اپنے ہاں اگلے سال کانفرنس کو مدعو کیا مگر دیو سماج کے ڈیلیگیٹ نے یہ رائے دی کہ فی الحال کانفرنس بہت ابتدائی حالت میں ہے بہتر ہے کہ اسے کم سے کم ایک سال اور کلکتہ میں رہنے دیا جاوے تاکہ اس کی بنیاد قائم ہو جاوے اور تب اسے بے شک مختلف صوبوں سے ڈیلیگیٹ بھی زیادہ تعداد میں آ دیں گے اس دفعہ بمبئی سے صرف ایک اور مدراس سے صرف دو صاحبان موجود تھے۔ اور پھر کسی اور حصے میں جلسہ کرنا بھی آسان ہوگا۔ اس رائے کو اکثر لوگوں نے پسند کیا اور فی الحال قرار پایا کہ ایک جنرل باڈی کانفرنس کمیٹی کا بنایا جاوے اور اس کے ماتحت میں اس کے قواعد مرتب کرنے اور حسب فرصت کسی اور مقام کا فیصلہ کرنے وغیرہ کا کام چھوڑ دیا جاوے۔ باقی آئندہ

"مسیح کا نمونہ روحوں کو اپنی طرف لانے میں"

